الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

Name :> **Asif**
Address :> **lahore pakistan**
Subject :> **TALAQ**
Writer :> منظور

Serial No :> **9788**
Fatwa No :>
Date :> **9/23/2010**
Email :>

Aslam o alakum
mara naam asif ha. mary behan ko us k shohar ney do martaba talaq de lekin wo intahay nashey ki halat ma tha. us k admi ki umer taqreeban 55 saal ha. dasi sharab rozana peeta ha or rozana pagal pan ki halat ma hota ha or suha jab hosh ati ha tu kehta ha k mujhey mari maa baap ki qasam ma ne kuch nahi kaha per raat ko phir sharab pee kar gali gloch karta ha sharab aysi peeta ha k us se 75% paglo jasi harkat karta ha.or usi halat ma us ne do baar talaq de. or nasha utarey k baad bola maa qasam ma ne tu kuch nahi kaha. ek zarooi baat ye k un mian bivi ka admi ki bemari ki waja se rajoo bhi nahi howa 7 saal se.
mujhey bata de keya talaq ho gai ha. or wo aksar intahi nashey ma kehta rehta ha" JA MA NE TUJHEY FARIGH KEYA"per baad ma qasam utha leta ha k mujhey kuch maloom nahi k aesa bola ho.
shukriya

السلام علیکم، میرا نام آصف ہے، میری بہن کو اس کے شوہر نے دو مرتبہ طلاق دی لیکن وہ انتہائی نشے کی حالت میں تھا اس آدمی کی عمر تقریباً پچپن سال ہے دیسی شراب روزانہ پیتا ہے اور روزانہ پاگل پن کی حالت میں ہوتا ہے اور صبح جب ہوش آتی ہے تو کہتا ہے کہ مجھے میری ماں باپ کی قسم میں نے کچھ نہیں کہا پر رات کو پھر شراب پی کر گالی گلوچ کرتا ہے،
شراب ایسی پیتا ہے کہ اس سے پچھتر ۷۵% پاگلوں جیسی حرکات کرتا ہے اور اسی حالت میں اس نے دو مرتبہ طلاق دی اور نشہ اترنے کے بعد بولا کہ میری قسم میں نے تو کچھ نہیں کہا،
ایک ضروری بات یہ ہے کہ ان میں بیوی کے آدمی کی بیماری کی وجہ سے رجوع بھی سات سال سے نہیں ہوا، مجھے بتادیں کیا طلاق ہوگئی ہے؟ اور وہ اکثر انتہائی نشے میں کہتا رہتا ہے "جا میں نے تجھے فارغ کیا" پر بعد میں قسم اٹھالیتا ہے کہ مجھے کچھ معلوم نہیں کہ ایسے بولا ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

مذکور دو طلاقیں تو بلا شبہ واقع ہوگئی ہیں خواہ نشہ اترنے کے بعد اُسے یاد رہے یا نہ اور ان دو طلاقوں کے بعد باہم ازدواجی حیثیت کے ساتھ رہنے کی وجہ سے رجوع بھی ہو چکا ہے،

اور اس کے بعد جو یہ الفاظ بولے ہیں کہ "جا میں نے تجھے فارغ کیا" تو اس سے تیسری طلاق واقع ہو کر ان کے درمیان حرمتِ مغلظہ بھی ثابت ہو چکی ہے اب رجوع نہیں ہو سکتا اور حلالۂ شرعیہ کے بغیر دوبارہ باہم عقد بھی نہیں ہو سکتا، عورت ایامِ عدت کے بعد اپنی مرضی سے جہاں چاہے دوسری جگہ شادی کر سکتی ہے۔

کما فی القرآن المجید: الطلاق مرتان (الی قولہ)

(جاری ہے)

فان طلقها فلا تحل له من بعد حتیٰ تنکح زوجا غیره الآیة (آیت نمبر ۲۲۹، ۲۳۰ سورۃ بقرۃ)

و فی الهندیة: وطلاق السکران واقع إذ سکر من الخمر أو النبیذ و هو مذهب اصحابنا رحمهم الله تعالیٰ کذا فی المحیط (ج ۱ ص ۳۵۳)

و فی الشامیة: (قوله بنبیذ) ای سواء کان سکره من الخمر أو الأشربة الاربعة المحرمة او غیرها من الأشربة المتخذة من الحبوب والعسل عند محمد قال فی الفتح: وبقوله یفتیٰ لان السکر من کل شراب محرّم، و فی البحر عن البزازیة المختار فی زماننا لزوم الحد و وقوع الطلاق وما فی الخانیة من تصحیح عدم الوقوع فهو مبنی علی قولهما من ان النبیذ حلال والمفتیٰ به خلافه، و فی النهر عن الجوهرة إن الخلاف مقید بما اذا شربه للتداوی فلو للهو والطرب فیقع بالاجماع۔ (ج ۳ ص ۲۳۹)

و فی الهدایة: وان کان الطلاق ثلثا فی الحرة وثنتین فی الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجا غیره نکاحا صحیحا ویدخل بها ثم یطلقها أو یموت عنها الخ (ج ۲ ص ۳۹۹)

والله اعلم بالصواب

محمد صفدر عفی عنه
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچي
۹ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]

۹۲۸۸
۱۴۳۲/۱/۲۶